## منصوبہ تحقیق

مقالہ ہذا ابن الجوزیؒ کی کتاب "صید الخاطر" کا منہج و اسلوب پر مشتمل ہے اور اس کی تحقیق کا منصوبہ کچھ اسطرح ہے:

مقالہ ہذا تین ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔

باب اول امام ابن الجوزیؒ کے احوال و آثار: اس کو دو فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ فصل اول امام ابن الجوزی کے حالات و آثار جبکہ فصل دوم صید الخاطر کے مشمولات اور محتویات کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم تزکیہ نفس، جائز خواہشات اور فضائل اخلاق پر ابن الجوزی کے استدلالات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کو تین فصلوں میں تقسیم کیا ہے۔ فصل اول میں تزکیہ نفس، جائز خواہشات میں اعتدال فصل دوم فضائل اخلاق کی حکمتیں۔ فصل سوم میں تزکیہ نفس، جائز خواہشات اور فضائل اخلاق میں ابن الجوزیؒ کی پنہاں حکمتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

باب سوم متنوع مسائل کے متعلق ابن الجوزیؒ کے نظریات کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل اول میں عقائد کی اصلاح کے متعلق وعظ و نصیحت۔ فصل دوم: علم کے متعلق ابن الجوزیؒ کے نظریات۔ فصل سوم میں رذائل اخلاق کے بارے میں ابن الجوزی کے استدلالات کو پرکھا گیا ہے۔

ان کے بعد متفرق ابحاث، نتائج وسفارشات، تجاویز و آراء اور مصادر و مراجع کو بھی بیان کیا گیا ہے۔